# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk    0919210489 Ext: 1215    https://www.facebook.com/pakpgov


**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/** 5233
**Date, Peshawar the** 22**/04/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Relief, Rehabilitation and Settlement Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 236 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **13-04-2026** passed unanimously the following Joint Resolution No.**236** moved by Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Mr. Abdul Munim, Mr. Rajab Ali Abbasi, Mr. Laiq Muhammad, Mr. Iftikhar Ahmad Khan Jadoon, Mr. Akbar Ayub Khan and Mr. Fazal Haq, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کے بعد ہزارہ ڈویژن کے متاثرہ اضلاع میں تعمیر نو اور بحالی کے لئے حکوت خیبر پختونخوا نے صوبائی ادارہ PERRA اور اضلاع میں DRUs قائم کیے تاکہ ایرا فنڈ منصوبوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے۔

24 نومبر 2021 کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ایرا کونسل اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے بحیثیت کونسل ممبر شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ERRA کو این ڈی ایم اے میں ضم کیا جائے گا۔ جبکہ PERRA اور SERRA کو متعلقہ صوبوں/ریاستوں کے محکموں میں ضم کیا جائے گا۔ منصوبے بقایاجات اور ملازمین صوبہ خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کو منتقل کئے جائیں گے۔ کیونکہ 18 ویں آئینی ترمیم کے تحت یہ صوبائی ذمہ داری ہے۔ اسی تناظر میں وفاق کو قانون سازی کے لئے خیبر پختونخوا حکومت نے NDMA ایکٹ میں ترمیم کے لئے آرٹیکل 144 کی قرارداد منظور کی تھی اور صوبائی حکومت نے تمام منصوبوں کو سالانہ ADP میں شامل کیا گیا تھا۔ 20 جون 2025ء کو حکومت نے PERRA کے 106 ملازمین کی تنخواہوں کے لئے Non-ADP سکیم منظور کی۔ تاہم بعدازاں بغیر کسی نوٹس کے انہیں برطرف کردیا گیا۔ حالانکہ یہ ملازمین گزشتہ 19 تا 20 سال سے خدمات انجام دے رہے تھے جو صریحاً ناانصافی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ کابینہ کے 34 ویں اجلاس کے فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے PERRA کے 106 برطرف ملازمین کو فوری بحال کیا جائے اور 2018 کی ریگولرائزیشن پالیسی کے تحت انہیں مستقل کیا جائے۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,


**(SARMAD ULLAH AFRIDI)**
Assistant Secretary-VIII,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa